# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

### وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلامیات (9401/9801) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں ( word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-4)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ ختم نبوت سے کیا مراد ہے نیز بتائیں کہ حضرت محمد ﷺ کے ہم مسلمانوں پر کیا حقوق ہیں؟ جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ فضائل قرآن پر جامع نوٹ لکھیں نیز حدیث اور سنت کی اہمیت واضح کریں۔ انبیاء علیہم السلام کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ عقیدہ توحید اور عقیدہ رسالت پر جامع نوٹ لکھیں۔ عقیدہ آخرت کے ثبوت میں قرآن نے کیا دلائل پیش کیے؟ تفصیلا لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ دین، مذہب، اسلام، عقیدہ اور ایمان پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ سورۃ الحجرات اور سورۃ الفرقان کا ترجمہ اور مشکل الفاظ کے معانی لکھیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ حضور ﷺ کی سیرت کے چیدہ چیدہ واقعات ذکر کریں۔ خطبہ حجۃ الوداع کو اسلامی منشور کہا جاتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلامی عبادات پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلام کی اخلاقی اقدار اور اسلامی معاشرے کے بنیادی اوصاف کیا ہیں؟ تفصیلا لکھیں نیز شرف انسانیت اور وحدت انسانیت کے اصول بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اسلام میں فقر و فاقہ کو ختم کرنے اور انفرادی و قومی معیشت کے استحکام کے لیے کیا حکم ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ اشاعت علوم میں مسلمانوں کے کردار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)